# آئیے آپ کے بارے میں بات کرتے ہیں

پارٹنر سروسز

اگر آپ کو بتایا گیا ہے کہ آپ کو جنسی طور پر منتقل ہونے والی بیماری (Sexually Transmitted Disease, STD) اور/یا ہیومن امیونو ڈیفیشیئنسی وائرس (Human Immunodeficiency Virus, HIV) ہے، تو آپ کا نگہداشت صحت فراہم کنندہ اور محکمہ صحت کے پارٹنر سروسز پروگرام کا کوئی فرد آپ سے بیماری کی منتقلی اور روک تھام کے بارے میں بات کرے گا۔ وہ آپ سے آپ کے ان جنسی پارٹنرز کے بارے میں پوچھے گا جو انفیکشن کا شکار ہو سکتے ہیں۔ اگر آپ منشیات استعمال کرتے ہیں، تو آپ سے کسی بھی فیصلے یا الزام تراشی کے بغیر اس بارے میں پوچھا جائے گا کہ آیا آپ پارٹنر کے ساتھ ایک ہی سوئی کا اشتراک تو نہیں کرتے ہیں۔

## یہ پارٹنر سروسز (Partner Services, PS) ہے۔

پارٹنر سروسز محکمہ صحت کا ایک مفت، رازدارانہ، اور رضاکارانہ پروگرام ہے جو بہت سی خدمات پیش کرتا ہے جو کمیونٹی میں STDs اور HIV کے پھیلاؤ کو کم کرنے میں مدد کرتی ہیں۔ پارٹنر سروسز کا عملہ ان لوگوں کے ساتھ کام کرتا ہے جن میں آتشک، سوزاک، کلیمائڈیا اور/یا HIV کی تشخیص ہوئی ہے تاکہ وہ ان لوگوں سے رابطہ کر سکیں جو ان انفیکشنز کا شکار ہو سکتے ہیں۔ پارٹنر سروسز کا عملہ مدد کی پیشکش بھی کر سکتا ہے، مریض/پارٹنر کی بیماری کی اسکریننگ اور علاج کیلئے حوالہ جات کو شامل کر سکتا ہے، اور اس بارے میں معلومات فراہم کر سکتا ہے کہ آپ اپنے آپ کو اور اپنے جنسی پارٹنر اور/یا ان لوگوں کو انفیکشن ہونے سے کیسے بچا سکتے ہیں جن کے ساتھ آپ سوئی کا اشتراک کرتے ہیں۔

## مجھے کیوں شرکت کرنی چاہیے؟

یہ معلوم کرنا مشکل ہو سکتا ہے کہ آپ کو STD اور/یا HIV ہے۔ کچھ لوگ ناراض، خوفزدہ، شرمندہ یا سبکی محسوس کر سکتے ہیں۔ اس بات کا فیصلہ کرنا ایک اور مسئلہ ہے کہ اپنے پارٹنرز کو کیسے بتایا جائے کہ اس سے آپ کو نمٹنا مشکل بھی ہو سکتا ہے۔ بہت کم لوگ اپنی جنسی زندگی یا منشیات کے استعمال سے متعلق بات کرنے میں آسانی محسوس کرتے ہیں۔ تاہم، اب جبکہ یہ ثابت ہو گیا ہے کہ آپ کو STD اور/یا HIV ہے، تو پارٹنر سروسز سے بات کرنا بہت ضروری ہے کیونکہ وہ آپ کے پارٹنرز کو خفیہ، نجی اور رازداری سے مطلع کرنے میں آپ کی مدد کر سکتے ہیں۔ جب لوگوں کو معلوم ہو جاتا ہے کہ وہ انفیکشن کا شکار ہو چکے ہیں اور ان کا ٹیسٹ اور علاج کرایا جا رہا ہے، تو اس سے بیماری کے پھیلاؤ کو کم کرنے میں مدد ملتی ہے اور کمیونٹی میں صحت کو فروغ ملتا ہے۔

## آپ شاید اپنے آپ سے پوچھیں، "میں کیوں اس کی پرواہ کروں؟"

- آپ کے دوبارہ متاثر ہونے کے امکان کے علاوہ، دوسرے لوگ جو آپ کے پارٹنرز کے ساتھ جنسی تعلقات رکھتے ہیں وہ بھی متاثر ہو سکتے ہیں۔ اگر آپ کے پارٹنر کا علاج نہیں کیا جاتا ہے، تو یہ بیماری دوسرے افراد میں بھی منتقل ہو سکتی ہے، اور حمل کے دوران یا پیدائش کے وقت ماں سے اس کے بچے میں منتقل بھی ہو سکتی ہے۔
- کچھ STDs کی کوئی علامت نہیں ہوتی ہے لیکن اگر علاج نہ کیا جائے تو صحت کے طویل مدتی سنگین مسائل پیدا ہو سکتے ہیں۔ HIV کی علامات کئی سالوں تک ظاہر نہیں ہو پاتی ہیں۔ STD اور/یا HIV کی شروع میں ہی تشخیص اور علاج کا مطلب ایک طویل اور صحت مند زندگی ہو سکتی ہے۔
- ابتدائی جھٹکے کے بعد، پارٹنر سروسز نے جن لوگوں سے رابطہ کیا ہے ان میں سے بہت سے لوگ خوش ہیں کہ انہیں بتا دیا گیا کہ وہ انفیکشن کا شکار ہو سکتے ہیں۔ وہ ٹیسٹنگ، علاج، دیگر خدمات حاصل کرنے اور کمیونٹی میں دوسروں تک انفیکشن کے پھیلاؤ کو روکنے کے دوران اپنا خیال رکھنے کے قابل ہیں۔
- اگر آپ کو STD اور/یا HIV ہے، تو آپ ابھی پارٹنر سروسز سے بات کر سکتے ہیں اور اگر آپ کے کچھ نئے پارٹنرز ہیں جنہیں اس ممکنہ انکشاف کے بارے میں بتانے کی ضرورت ہے تو آپ مستقبل میں ان سے رابطہ کر سکتے ہیں۔

***"جب محکمہ صحت کے افراد میرے دروازے پر آئے تو میں بہت حیران اور پریشان ہوا لیکن میں ابتدائی شرمندگی کے مرحلے سے گزر گیا اور میری جانچ کی گئی۔ میں کبھی نہیں جان سکوں گا کہ میرا نام کس نے بتایا لیکن خوشی ہے کہ اس نے ایسا کیا۔"***

# پارٹنر سروسز کی مدد کی اقسام:

## • گمنام فریق ثالث کی اطلاع

محکمہ صحت کا کوئی رکن آپ کی فراہم کردہ معلومات کا استعمال کر کے آپ کے پارٹنرز کو STD/HIV سے متاثر ہونے کی اطلاع دیتا ہے۔ فریق ثالث کی اطلاع پارٹنر سروسز کے عملہ کے توسط سے انٹرنیٹ کے ذریعے بھی مکمل کی جا سکتی ہے۔ آپ کا نام اور شناخت کا کبھی بھی آپ کے پارٹنرز کے ساتھ اشتراک نہیں کیا جاتا ہے۔ انہیں صرف یہ معلوم ہو سکے گا کہ وہ STD اور/یا HIV کا شکار ہوئے ہیں اور انہیں بیماری کے انکشاف کے لیے جانچ اور علاج کے اختیارات فراہم کیے گئے ہیں۔

## • دوہرا انکشاف

آپ پارٹنر سروسز کے عملہ کی مدد سے اپنے پارٹنر کو مطلع کرتے ہیں۔ پارٹنر سروسز پورے عمل کے دوران آپ کے ساتھ ہوگا اور آپ کے پارٹنر کے سوالات کا جواب دے سکتا ہے۔ یہ طریقہ بہت مؤثر ہو سکتا ہے، کیونکہ ہو سکتا ہے کہ آپ کے پاس اپنے پارٹنر کو جانچ اور علاج کے اختیارات کی ہدایت دینے کے لیے تمام حقائق یا معلومات موجود نہ ہوں۔

## • خود سے انکشاف

آپ اپنے پارٹنرز کو مطلع کرتے ہیں اور انہیں جانچ اور علاج کی خدمات حاصل کرنے کی ترغیب دیتے ہیں۔ پارٹنر سروسز آپ کی منصوبہ بندی اور اس پر عمل کرنے میں آپ کی مدد کرے گا جو آپ کہنے جا رہے ہیں۔ کچھ لوگ اس طریقہ کار کو ترجیح دیتے ہیں لیکن اس سے آپ کی شناخت کی حفاظت نہیں ہوتی ہے۔ آپ کو ان پارٹنرز کے منفی ردعمل سے نمٹنا پڑ سکتا ہے جنہیں آپ خود مطلع کرتے ہیں۔ اگرچہ آپ خود مطلع کرنے کے اچھے ارادے رکھتے ہیں، پھر بھی کچھ باتیں ہوتی ہیں؛ ہو سکتا ہے کہ وقت صحیح نہیں ہو؛ ہو سکتا ہے کہ آپ اس پارٹنر کو دوبارہ نہ دیکھیں؛ یا جب آپ دیکھیں، تو آپ کو صحیح الفاظ نہیں مل سکیں۔ اگر آپ خود اطلاع نہیں دے سکتے ہیں، تو آپ اور پارٹنر سروسز پلان پر دوبارہ جا سکتے ہیں اور وہ آپ کے لیے پارٹنرز سے رابطہ کر سکتے ہیں۔

***"میں اسے بتانا چاہتا تھا... لیکن میں بہت گھبرا گیا اور ایسا نہیں کر سکا۔"***

# STD/HIV کو ختم کرنے میں ہم سبھی کو کردار ادا کرنا ہے۔

پارٹنر سروسز آپ کی مدد کر سکتا ہے۔ نیو یارک اسٹیٹ محکمہ صحت کے پارٹنر سروسز پروگرام سے رابطہ کریں:

| | |
|---|---|
| لانگ آئی لینڈ ریجن | 1-800-462-6786 |
| نیو روچیل ریجن | 1-800-828-0064 |
| کیپٹل ڈسٹرکٹ ریجن | 1-800-962-5065 |
| سینٹرل نیو یارک ریجن | 1-800-562-9423 |
| روچسٹر ریجن | 1-800-962-5063 |
| بفیلو ریجن | 1-800-962-5064 |

مقامی محکمہ صحت کے فون نمبرز اور مزید معلومات اس ویب سائٹ پر مل سکتے ہیں
www.health.ny.gov/diseases/communicable/std/partner_services/

Department of Health

10/16

21226 (Urdu)